Roll No. ....

Total No. of Questions : **11**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

ED–3036

B.A. B.Ed. (IIIrd Year) Examination, 2022

URDU

Paper–II (CC-1)

(Novel, Afsana aur Drama)

Time : 3 Hours] [*Maximum Marks : 60*

SECTION–A

Answer all eight questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 8 = 16)**

(حصہ-الف)

سبھی 8 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer all five questions. Each question has internal choice (Answer limit 200 words). Each question carries 4 marks. **(Marks : 4 × 5 = 20)**

(حصہ-ب)

سبھی5سوالوں کے جواب دیجئے۔ہر سوال داخلی انتخاب رکھتا ہے(جواب200الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے4نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any three questions out of five (Answer limit 500 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 3 = 24)**

(حصہ-ج)

5 میں سے کن ہی 3 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) کالو بھنگی کے افسانہ نگار کا نام لکھیئے۔

(ii) پریم چند کی پیدائش و وفات لکھیئے۔

(iii) نذیر احمد نے اپنا پہلا ناول کب اور کون سا لکھا؟

(iv) ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(v) پلاٹ کسے کہتے ہیں اور اس کی اہمیت کیا ہے؟

(vi) ناول و افسانہ میں فرق لکھیئے۔

(vii) منٹو کا افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کس حالات کی نشان دہی کرتا ہے؟ لکھئے۔

(viii) اردو زبان کا پہلا ڈرامہ کسے مانا جاتا ہے؟ لکھئے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 منٹو کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(یا)

''دورواز ے کھول دو'' ڈرامہ کا اپنی زبان میں خلاصہ کیجئے۔

3 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے:

معلوم نہیں یہ بات معقول تھی یا غیر معقول، بہر حال دانش مندوں کے فیصلے کے مطابق اِدھر اُدھر اونچی سطح کی کانفرنس ہوئیں اور بالآخر ایک دن پاگلوں کے تبادلے کے لئے مقرر ہوگیا۔ اچھی طرح چھان بین کی گئی۔ وہ مسلمان پاگل جن کے لواحقین ہندوستان ہی میں تھے، وہیں رہنے دیئے گئے تھے۔ جو باقی تھے ان کو سرحد پر روانہ کر دیا گیا۔ یہاں پاکستان میں چونکہ قریب قریب تمام ہندو، سکھ جا چکے تھے اس لئے کسی کو رکھنے رکھانے کا سوال ہی نہ پیدا ہوا۔ جتنے ہندو، سکھ پاگل تھے، سب کے سب پولیس کی حفاظت میں بارڈر پر پہنچا دیئے گئے۔

اُدھر کا معلوم نہیں لیکن اُدھر لاہور کے پاگل خانے میں جب اس تبادلے کی خبر پہنچی تو بڑی دلچسپ چہ میگوئیاں ہونے لگیں۔ ایک مسلمان پاگل جو بارہ برس

سے ہر روز باقاعدگی کے ساتھ زمیندار پڑھتا تھا۔ اس سے جب اس کے ایک دوست نے پوچھا ''مولبی صاحب! یہ پاکستان کیا ہوتا ہے؟'' تو اس نے بڑے غور و فکر کے بعد جواب دیا ''ہندوستان میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں استرے بنتے ہیں۔''

(یا)

نذیر احمد کی ناول نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

4 ڈرامہ نگاری کے اہم جز پر روشنی ڈالئے۔

(یا)

راجیندر سنگھ بیدی کے کسی ایک افسانہ کا جائزہ لیجئے۔

5 ہندوستان کی تقسیم کے حالات پر لکھے گئے افسانوں کی خصوصیات لکھیے۔

(یا)

ناول نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6 افسانہ ''کفن'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(یا)

ٹوبہ ٹیک سنگھ کے کردار کا جائزہ پیش کیجیے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی تین (3) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجیے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

7 کرشن چندر کی ادبی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

8 افسانہ نگاری کی تعریف لکھتے ہوئے افسانہ نگاری کے اجزائے ترکیبی کا جائزہ پیش کیجئے۔

9 ناول ''ابن الوقت'' کی روشنی میں نذیر احمد کی ادبی خصوصیات لکھئے۔

10 راجیند رسنگھ بیدی کی سوانح حیات لکھئے۔

11 افسانہ ''ببّل'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔